فکری میدان میں بھی فکر و شعور کی رو کارفرما ہے جیسا کہ مصنف نے خود اپنے "تعارف" (پیش لفظ) میں صراحت کی ہے کہ یہ "موضوع کچھ ایسا نیا بھی نہیں ہے البتہ اسے ایک نئے زاویے سے اقبال کا مطالعہ کہا جا سکتا ہے" (صفحہ ۵)

۷۔ اردو ڈراما (فن اور منزلیں)

مصنف: پروفیسر سید وقار عظیم

ترتیب و تعارف: ڈاکٹر سید معین الرحمن

ناشر: شعبہ اردو گورنمنٹ کالج، لاہور

ضخامت: ۳۲۰ صفحات

یہ کتاب شعبہ اردو گورنمنٹ کالج لاہور نے ۱۹۹۴ء میں شائع کی ۔ ادارے کے پرنسپل ڈاکٹر عبدالمجید اعوان کی علم دوستی اور ادب نوازی بخوبی اس بات سے ظاہر ہے کہ اشاعتی کاموں کے لیے گورنمنٹ کالج لاہور کے شعبہ اردو کو مالی امداد مسلسل فراہم ہو رہی ہے۔ دوسرے کالجوں اور یونی ورسٹیوں کے لیے یہ ایک اچھی اور قابل تقلید مثال ہے کہ شعبہ اردو کو تحقیق اور اشاعت کی راہ میں پیش قدمی کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔

کتاب کے مندرجات میں عرض مرتب اور ایک ضمیمے کے علاوہ سید وقار عظیم کے چودہ مقالات شامل ہیں ۔ ان مقالات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۔پہلے حصے کو فن کا عنوان دیا گیا ہے ۔ اس کے تحت جو مقالات شامل ہیں ان کے عنوانات یہ ہیں : ۱۔ ڈراما اور اس کا فن ۲۔ ڈرامے کا فنی تجزیہ ۳۔ ڈرامے اور زندگی کا باہمی ربط ۴۔ ڈرامے کے تماشائی ۵۔ ڈرامے کی ادبی اور فنی قدریں ۶۔ یک بابی ڈرامے کا فن ۔ اس میں شک نہیں کہ اس حصے میں ڈرامے اور اس کے فن سے متعلق بہ کثرت عمومی معلومات فراہم کر دی گئی ہیں ۔ یہ معلومات یقیناً مستند انگریزی نقادوں کی اہم کتابوں سے مستفاد ہیں ، ایک دو مقامات پر ان کا حوالہ بھی موجود ہے لیکن اکثر مقامات پر نہیں ہے۔ غالباً اس کا سبب یہ ہے کہ جن رسائل کے لیے یہ مقالات تحریر کیے گئے ہیں ان میں حوالوں سے مقالات کو گراں بار کرنا پسند نہیں کیا جاتا ہو گا ۔بہرکیف ڈرامے کے فن پر سید وقار عظیم مرحوم کی دسترس اور فضیلت کے پیش نظر ہم امید کرتے ہیں کہ اس حصے کے مقالات قارئین کو بہت کچھ مستند معلومات فراہم کر سکتے ہیں ۔

اب ہم کتاب کے دوسرے حصے کی طرف آتے ہیں اس حصے کو "منزلیں" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اس حصے کے آٹھوں مقالات خصوصی مطالعات ہیں، جن میں اندر سبھا ، آغا